# ھدیۃ الدرود للمحبوب ﷺ

محمد ﷺ

## درودوں کا تحفہ محبوب ﷺ کے نام

مؤلف
خاکپائے رسول ﷺ
رشید احمد صدیقی عفا اللہ عنہ

نام کتاب : ھدیۃ الدرود للمحبوب صلی اللہ علیہ وسلم

مؤلف/کمپیوٹر کمپوزنگ : رشید احمد صدیقی

معاون : نور احمد شاہ (سدرہ پروسیس ناظم آباد)

ڈیزائننگ : احمد رضا

تعداد اشاعت : ۵۰۰۰


**کتاب ملنے کا پتہ**


**Address: Flat No. 56/3, FLT-1, Block-G, Sooq-ul-Aman Appartment North Nazimabad, Karachi-Pakistan.**

**E-mail : ar@alrasheedhajj.com**

**URL : www.alrasheedhajj.com**

**Telephone : +9221-36678072**

**Fax : +9221-36627038**

**Mobile : +92333-2321299**

**Saudi Mob : +966-557299129**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# اُمت محمدیہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے گزارش

دنیا آخرت کی ہمیشہ ہمیشہ کی کامیابی کے لئے کثرت سے درود شریف پڑھیئے۔اور کثرت کی کم ازکم تعداد روزانہ (۳۰۰) مرتبہ پڑھنا ہے۔

۱) اگر آپ چاہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کل قیامت کے دن آپ کیلیئے گواہی دیں تو درود نمبر۳ صفحہ نمبر ۹ کثرت سے پڑھیں۔

۲) جس مسلمان کے پاس صدقہ دینے کیلیئے کوئی چیز نہ ہو یہ درود شریف اُس کیلیئے صدقہ کے قائم مقام ہے۔درود نمبر۴ صفحہ نمبر ۱۰

۳) ہر پریشانی سے نجات کیلیئے درود نمبر ۵۹ صفحہ نمبر ۵۵ کو کثرت سے پڑھیں۔

۴) جو شخص چاہتا ہے کہ فرشتے اُس کی طرف سے اِستغفار کریں تو اُسے چاہئے کہ درود نمبر ۶۴ صفحہ نمبر ۶۰ روزانہ ۳۱۳ مرتبہ پڑھے۔

۵) اپنے مقاصد کی کامیابی کیلیئے درود نمبر ۸۰ صفحہ نمبر ۸۲ پڑھیں۔

۶) آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا قرب حاصل کرنے کیلیئے درود نمبر ۸۱ صفحہ نمبر ۸۴ (۱۰۰۰ مرتبہ) پڑھیں۔

۷) غربت اور محتاجی سے نجات کیلیئے درود نمبر ۸۳ صفحہ نمبر ۸۶ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے تعلیم فرمایا۔

# التجاء

سرکار ﷺ سے دوری کا مرے دل میں ہے جو درد
اس درد کی سرکار ﷺ دعا مانگ رہا ہوں

کردے جو میرے خانہ دل کو بھی منور
وہ روشنی غار حرا مانگ رہا ہوں

جو اہل مدینہ کے مقدر میں ہے لکھی
آقا ﷺ میں وہی آب و ہوا مانگ رہا ہوں

ہے نام رشید آپ ﷺ کا ہوں بندۂ بے دام
میں آپ ﷺ کے شہر میں قبر مانگ رہا ہوں

رشید احمد صدیقی عفا اللہ عنہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# نذرانہ عقیدت

بحضور سرور کائنات فخر موجودات، خاتم النبیین، امام المرسلین، رحمتہ للعالمین، امام المتقین، اجود الناس، احسن الناس، محمد مصطفیٰ، احمد مجتبےٰ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم جن کا اُمتی ہونا میرے لئے باعث فخر و عزت ہے۔ جنکا واسطہ دے کر اللہ رب العالمین سے جب جو مانگا سو پایا جنکے طفیل اللہ جل جلالہ نے اس گناہگار کو اپنے فضل و کرم سے بے حد و حساب نوازا اور ان شاء اللہ نجات اخروی بھی آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی شفاعت ہی کے باعث ہوگی۔ (آمین)

صلی اللہ علیہ وسلم

خاکپائے رسول

عفا اللہ عنہ

رشید احمد صدیقی

# درود وسلام کا مجموعہ

جو درود وسلام رسولِ مقبول، حبیبِ خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے خود صحابہ کرامؓ کو سکھائے اور جو احادیث مبارکہ کی کتب سے ماخوذ ہیں۔ اگر آپ حضرات روزانہ کچھ دیر یہ تمام درود وسلام پڑھیں گے توان شاء اللہ یہ تمام درود وسلام پڑھنے کی فضیلت جو کہ احادیث مبارکہ سے ثابت ہے آپ کو مل جائے گی۔ ان شاء اللہ العزیز

اللہ پاک ہم سب کو درود پاک
پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)

# مستند درود وسلام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیۡنَ اصۡطَفٰی

سَلَامٌ عَلَی الۡمُرۡسَلِیۡنَ

(القرآن الحکیم)

بِسۡمِ اللّٰہِ وَ السَّلَامُ

عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰہِ۔

(المستدرک للحاکم)

## درود نمبر ۱

# أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ وَأَزْوَاجِهِ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهِ وَأَهْلِ بَيْتِهِ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ازواج پر جو امہات المومنین ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذریت اور اہل بیت پر، جیسا کہ آپ نے رحمت فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک آپ لائق حمد، بزرگی والے ہیں۔ (راوی: حضرت ابو ہریرہؓ)

(۱) د، کتاب الصلاۃ، باب، بعد التشهد حدیث نمبر ۹۸۲۔ (۲) قی، السنن الکبریٰ، کتاب الصلاۃ، باب الدلیل علی ان ازواجه صلی اللہ علیہ وسلم، جلد ۲، حدیث نمبر ۲۹۳۷۔

## درود نمبر ۲

# صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ

ترجمہ: حق تعالیٰ شانہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر رحمت نازل فرمائیں۔

(راوی: حضرت حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما) یہ صرف نسائی میں درج ہے۔

## درود نمبر ۳

رسول اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے یہ کلمات کہے میں اسکے لئے قیامت کے دن گواہی دوں گا۔

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰىٓ اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰىٓ اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰىٓ إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِيْمَ وَتَرَحَّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰىٓ اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰىٓ إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِيْمَ ○

ترجمہ: یا اللہ، رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور ابراہیم علیہ السلام کی آل پر اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام پر اوران کی آل پر اور رحم فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے رحم فرمایا حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اوران کی آل پر۔

(راوی: حضرت ابوہریرہؓ) (۱) الادب المفرد، امام بخاری، باب، حدیث نمبر ٦٤١۔

## درود نمبر ۴

رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ جو مسلمان صدقہ دینے کے لئے کوئی چیز نہ رکھتا ہو، جس کو وہ اللہ کی راہ میں خرچ کر سکے، وہ یہ درود پڑھا کرے کہ یہ درود اسکے لئے صدقہ (کے قائم مقام) ہے۔

**أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ**

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے اپنے بندے اور اپنے رسول سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، اور رحمت نازل فرمایئے ایمان دار مردوں اور ایمان دار عورتوں پر اور مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں پر۔ (راوی: حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

(۱) الادب المفرد، امام بخاری، باب، حدیث نمبر ٦٤٠
(۲) اح، کتاب الرقاق جلد ۳، حدیث نمبر ۹۰۰۔(۳) مس، جلد ٤، کتاب الاطعمة، حدیث ۷۱۷۵۔(٤) اع، صفحہ ۱۸٦، پر یہ درود ابن وہب، ابن بشکوال کے حوالہ سے درج ہے۔(٥) ل، صفحہ ۱۸٦، میں ابو یعلیٰ موصلی، اور قی (کتاب الادب) کے حوالہ سے یہ درود درج ہے۔

درود نمبر ۵

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○

ترجمہ: یا اللہ! آپ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر رحمت نازل فرمایئے جس طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام پر رحمت نازل فرمائی، بیشک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں، اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور ان کی آل پر برکت نازل فرمایئے جس طرح آپ نے ابراہیم علیہ السلام پر برکت نازل فرمائی، آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ (راوی: حضرت موسیٰ بن طلحہؓ) فضل، حدیث نمبر ٦٨۔

درود نمبر ٦

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ ○

## ترجمہ درود نمبر ۶

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپنے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپنے برکت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام کی آل پر۔ (راوی: حضرت عبدالرحمٰن بن بشر بن مسعودؓ) فضل ، حدیث نمبر ۷۳۔

## درود نمبر ۷

# أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ أَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، یا اللہ! برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام کی آل پر۔ راوی: حضرت عبدالرحمٰن بن بشر بن مسعود رحمۃ اللہ علیہ

فضل ، حدیث نمبر ۷۳۔

## درود نمبر ۸

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَأَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰىٓ اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلٰىٓ أَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰىٓ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے اپنے بندے اور اپنے رسول سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اہل بیت پر جیسا کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر بے شک آپ ہی لائق حمد ہیں، بزرگی والے ہیں اور برکت نازل فرمایئے ان پر اور ان کے اہل بیت پر جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر۔ بیشک آپ ہی لائق حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔ (راوی: حضرت ابراہیم بن زید النخعی رحمۃ اللہ علیہ)

(۱) فضل، حدیث نمبر ٦٤۔ (۲) امام محمد بن قیم الجوزیؒ نے اپنی کتاب 'ج، الصلاۃ والسلام علی خیر الانام' صفحہ۸۷،

## درود نمبر ۹

# أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰىٓ اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰىٓ اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰىٓ اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰىٓ اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰىٓ اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰىٓ اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

ترجمہ: یا اللہ، سیدنا محمد نبی الامّی صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر رحمت نازل فرمایئے جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آل حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور برکت نازل فرمایئے حضرت محمد نبی الامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آلِ ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ (راوی: حضرت عقبہ بن عمروؓ)

(۱) فضل ، حديث ۵۹۔ (۲) مس، التامين، ۹۸۸۔ سنن الدار قطنى، ذكر وجوب باب، ۱۳۲٤۔ السنن الكبرىٰ، قى، باب، ۲۹۱٦۔(۳) اح، صفة الصلاة، ۱۹۵۵، صفحه: ۱٦۳۔ مص، جلد۲، حديث ۸٦۳۵۔

درود نمبر ۱۰

# أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ ۝

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

(راوی: حضرت کعب بن عجرہؓ) فضل، حديث نمبر ٥٦۔

درود نمبر ۱۱

# أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى لَهٗ

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جیسا کہ آپ محبوب رکھتے ہیں اور پسند فرماتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے لئے۔

(ایک صحابی کا درود)

حواله: ابن سبع (شفاء) اور ابو سعيد (شرف المصطفىٰ صلی اللہ علیہ وسلم)
ال، صفحه ۷۳، اور ل، صفحه ٥٠

## درود نمبر ۱۲

# اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، اور رحم فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جیسا کہ آپ نے رحمت فرمائی اور برکت فرمائی اور رحم فرمایا حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک آپ لائق حمد ہیں بزرگی والے ہیں۔

(راوی: عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

(۱) مس، کتاب الصلاۃ، حدیث نمبر ۹۹۱۔ (۲) سع (مطبوعہ بیروت، ۱۳۱۸ھ) صفحہ ۳۳۰ میں یہ درود حاکم کے حوالے سے لکھا گیا ہے مگر اس میں دوسری مرتبہ 'آل محمد' سے پہلے 'علی' نہیں اور لفظ 'علی ابراہیم' اور 'انك حمید مجید' کے درمیان 'وعلی ال ابراہیم' کا اضافہ ہے۔

## درود نمبر ۱۳

# أَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی إِبْرَاھِیْمَ وَاٰلِ إِبْرَاھِیْمَ وَ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی إِبْرَاھِیْمَ وَاٰلِ إِبْرَاھِیْمَ إِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جیسا کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور ابراہیم علیہ السلام کی آل پر اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جیسا کہ آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بے شک آپ بڑے لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

(راوی: حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

(۱) بیہقی، السنن الکبریٰ، کتاب الصلاۃ، باب فی التشھد، حدیث نمبر ۲۹۱۹۔

## درود نمبر ۱۴

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ وَبَارَکْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰۤی اِبْرَاھِیْم وَاٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جیسا کہ آپ نے رحمت فرمائی اور برکت فرمائی اور رحم فرمایا حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک آپ ہی لائق حمد ہیں بزرگی والے ہیں۔ (راوی: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ) ج، امام ابن قیمؒ (سنن قی، صفحہ ۲۸۔)

## درود نمبر ۱۵

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰۤی اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰۤی اِبْرَاھِیْمَ ۝

## ترجمہ درود نمبر ۱۵

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے اپنے بندے اور اپنے رسول سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر۔ (حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

(١) مص، باب الصلاۃ، حدیث نمبر ٨٦٣٣ ۔
(٢) البیهقی، السنن الکبریٰ، جلد ٢، باب فی التشهد، حدیث نمبر ٢٩٢٠۔

## درود نمبر ۱۶

# اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپنے رحمت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام پر اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بیشک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

(راوی: حضرت موسیٰ بن طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) مص، حدیث ٨٦٣٤۔

## درود نمبر ۱۷

# اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ فِى الْعَالَمِيْنَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر سارے جہانوں میں، بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ (راوی: ابو مسعود الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

قی، السنن الصغیر، کتاب الصلاۃ، حدیث ٤٤٥

## درود نمبر ۱۸

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰۤی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

بَارَکْتَ عَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر، جیسا کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک آپ لائق حمد، بزرگی والے ہیں اور برکت نازل فرمایئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جیسا کہ آپ نے برکت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام کی آل پر۔ بیشک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

(راوی: حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

(۱) م ا، مسند الصحابہ، حدیث ۱۳۹۶۔

(۲) سع، (صفحہ ۲۳۱۔ ۲۳۳) میں یہ حدیث احمد اور ا ط، کے حوالہ سے درج ہے مگر اس میں 'علی محمد' کے بعد 'وعلی آل محمد' نہیں ہے۔

## درود نمبر ۱۹

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِيْمَ ۔

ترجمہ: یا اللہ! اپنے بندے اور اپنے رسول سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر رحمت نازل فرمایئے جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر۔

(راوی: حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

(م ا، حدیث ۱۱۳۷۱)

درود نمبر ۲۰

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ فِى الْعَالَمِيْنَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمائیے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر اور برکت نازل فرمائیے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر سارے جہانوں میں، بیشک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

(راوی: ابو مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ) مسند احمد، حدیث ۱۷۰۰۴

درود نمبر ۲۱

أَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

## ترجمہ درود نمبر ۲۱

ترجمہ: یااللہ! برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

راوی: موسیٰ بن طلحہ بن عبیداللہ/زید بن خارجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم (حوالہ: م۱، حدیث ۱۷۱۴)

## درود نمبر ۲۲

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
أَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا
بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ترجمہ: یااللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ یااللہ! برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ (راوی: حضرت کعب بن عجرہؓ) م ۱، حدیث ۱۸۰۲۲۔

## درود نمبر ۲۳

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ أَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمائیے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ یا اللہ! برکت نازل فرمائیے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ (راوی: حضرت کعب بن عجرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

(۱) م ا، حدیث ۱۸۰۲۳۔(۲) یہ درود م ا۔ کی حدیث نمبر ۱۸۰۴۵ پر بھی درج ہے مگر درمیان میں 'اللھم' کی جگہ 'و' لکھا ہوا ہے۔

## درود نمبر ۲۴

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ
وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

(راوی: حضرت کعب بن عجرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) م ۱، حدیث ۱۸۰۵۱

## درود نمبر ۲۵

أَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ، أَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ وَصَلَّیْتَ عَلٰی إِبْرَاهِیْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِیْمَ إِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۝

ترجمہ: یااللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر، یااللہ! برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے برکت اور رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ (راوی: حضرت کعب بن عجرۃ رضی اللہ عنہ) (ق، حدیث ۳۱۰۷)

## درود نمبر ۲۶

أَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی إِبْرَاهِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اٰلِ إِبْرَاهِیْمَ فِی الْعَالَمِیْنَ إِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۝

## ترجمہ درود نمبر ۲۶

ترجمہ: یااللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر سارے جہانوں میں۔ بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ (راوی: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

(۱) م ا، مسند الانصار، حدیث ۲۲۲۵۲۔ (۲) اط، مع، جلد ۱۷، حدیث ۶۹۷۔ (اس میں آخر میں 'علی ال ابراہیم' کی جگہ 'علی ابراہیم' ہے اور آخر میں 'مجید' نہیں ہے۔

## درود نمبر ۲۷

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰىٓ اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰىٓ إِبْرَاهِيمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰىٓ اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰىٓ إِبْرَاهِيمَ فِى الْعَالَمِينَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ ○

## ترجمہ درود نمبر ۲۷

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر، جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر، جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر تمام جہانوں میں، بیشک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

(راوی: حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اط، مع، جلد ۱۷، حدیث ۷۲۵۔

## درود نمبر ۲۸

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ الْحَمِيْدُ الْمَجِيْدُ وَصَلِّ عَلَيْنَا مَعَهُمْ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ الْحَمِيْدُ الْمَجِيْدُ وَبَارِكْ عَلَيْنَا مَعَهُمْ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ۝

## ترجمہ درود نمبر ۲۸

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جس طرح آپ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر رحمت نازل فرمائی بیشک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں اور انکے ساتھ ہم پر بھی رحمت نازل فرمایئے اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر، جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر بیشک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ اور انکے ساتھ ہم پر بھی برکت نازل فرمایئے اور سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت اور برکتیں ہوں اے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم آپ پر۔ (راوی: حضرت کعب بن عجرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

اط، مع، جلد ۱۹، حدیث ۲۷۱۔

## درود نمبر ۲۹

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

## ترجمہ درود نمبر ۲۹

ترجمہ: یااللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بیشک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں، اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام کی آل پر۔ بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

(راوی: حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اط، مع، جلد ۱۹، حدیث ۲۷۳۔

## درود نمبر ۳۰

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰىٓ اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰىٓ إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○

ترجمہ: یااللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر، جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

(راوی: حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اط، مع، جلد ۱۹، حدیث ۲۷۴۔

## درود نمبر ۳۱

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ أَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جسطرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، بیشک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

یا اللہ! برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

(راوی: حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ا ط، مع، جلد ۱۹، حدیث ۲۸۳۔

## درود نمبر ۳۲

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک آپ لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر۔ بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

(راوی: حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

اط، مع، جلد ۱۹، حدیث ۲۸۷۔

## درود نمبر ۳۳

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ
وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی إِبْرَاهِیْمَ وَ
اٰلِ إِبْرَاهِیْمَ إِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد النبی الامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر۔ بیشک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ (راوی: حضرت عقبہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اط، مع، جلد ۱۷، حدیث ۶۹۸۔

## درود نمبر ۳۴

أَللّٰهُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
بَارَکْتَ عَلٰی إِبْرَاهِیْمَ وَ اٰلِ إِبْرَاهِیْمَ إِنَّکَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

## ترجمہ درود نمبر ۳۴

ترجمہ: یا اللہ! برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر، جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام پر، بیشک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

(راوی: حضرت زید بن خارجہ الانصاریؓ) اط، مع، جلد ۵، حدیث نمبر ۵۱۴۳۔

## درود نمبر ۳۵

# أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا أَمَرْتَنَا أَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلَيْهِ كَمَا يَنْبَغِيْ اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ ٥

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جیسا کہ آپ نے ہمیں حکم فرمایا ہے کہ ہم سیدنا (محمد) صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر درود شریف بھیجا کریں اور رحمت نازل فرمایئے آپ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جیسا کہ آپ کے شایان شان ہے کہ آپ (سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم) پر درود شریف بھیجا جائے۔

(راوی: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔)

بحوالہ(۱) سع، صفحہ ۲۳۲ (۳) ال صفحہ ٤٤

## درود نمبر ۳۶

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰی إِبْرَاهِيمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِيمَ فِي الْعَالَمِيْنَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، اور برکتیں نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جیسا کہ آپ نے رحمتیں اور برکتیں نازل فرمائیں حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر سارے جہانوں میں، بے شک آپ لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

(راوی: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ال، صفحه ٦٣۔ بحواله طبری۔

## درود نمبر ۳۷

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی إِبْرَاهِيمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی إِبْرَاهِيمَ

## ترجمہ درود نمبر ۳۷

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جیسا کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، اور برکتیں نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جیسا کہ آپ نے برکتیں نازل فرمائیں حضرت ابراہیم علیہ السلام پر۔

(حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ال، ص ٦٣ بحوالہ البزار و ابو العباس سراج۔

## درود نمبر ۳۸

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جیسا کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آل حضرت ابراہیم علیہ السلام پر۔ اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جیسا کہ آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر۔ بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ (راوی: حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) مسند امام شافعی، حدیث نمبر ۲۷۹۔

درود نمبر ۳۹

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی إِبْرَاهِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی إِبْرَاهِیْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِیْمَ

یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، اور محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر۔ جیسا کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جیسا کہ آپ نے برکت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام اور ابراہیم علیہ السلام کی آل پر۔

(راوی: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) مسند امام شافعیؒ، حدیث نمبر ۲۷۸

درود نمبر ۴۰

أَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِکَ وَبَرَکَاتِکَ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ وَأَزْوَاجِهٖ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِهٖ وَأَهْلِ بَیْتِهٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی إِبْرَاهِیْمَ إِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔

## ترجمہ درود نمبر ۴۰

ترجمہ: یااللہ! رحمتیں اور برکتیں نازل فرمایئے ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم اوران کی ازواج مطہرات پر جو مومنین کی مائیں ہیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذریت اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اہل بیت پر جس طرح آپ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر رحمت نازل فرمائی، بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

ج، امام ابن قیمؒ الجوزی صفحہ ۱۵۔ ن، فی مسند علیؓ عن ابی الازھر۔

## درود نمبر ۴۱

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے وقوف عرفہ کی حالت میں جو دعا پڑھی اس میں یہ درود شریف پڑھا تھا۔**

# صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى وَ مَلٰٓئِكَتُهٗ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ رحمت نازل فرمائیں، اوراس کے فرشتے رحمت بھیجیں نبی امی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام ہو، اور اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور اس کی برکتیں ہوں۔ (راوی: حضرت علی اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔)

ل، صفحہ ۵۷، بحوالہ ابو یوسف جصاص (فوائد)۔مصنف حاشیہ میں فرماتے ہیں کہ 'صلی اللّٰہ' کے بعد 'تعالیٰ' کا لفظ بھی کہنا چاہیے اگرچہ اصل روایت میں ثبوت کو نہیں پہنچا۔

درود نمبر ۴۲

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ
حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ أَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ
إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ أَللّٰهُمَّ وَتَرَحَّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰٓی إِبْرَاهِيْمَ
وَعَلٰٓی اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ أَللّٰهُمَّ وَتَحَنَّنْ
عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَحَنَّنْتَ
عَلٰی إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
أَللّٰهُمَّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا سَلَّمْتَ عَلٰٓی إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ
إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

# ترجمہ درود نمبر۴۲

ترجمہ: یااللہ! سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر رحمت نازل فرما جس طرح آپنے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر رحمت نازل فرمائی۔ آپ ہی لائق حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔ یااللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر برکت نازل فرما جس طرح آپنے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر برکت نازل فرمائی بیشک آپ ہی لائق حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔ یااللہ اور رحم فرمایئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر، جیسا کہ آپ نے رحم فرمایا حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بیشک آپ لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ یااللہ! اور شفقت فرمایئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جیسا کہ آپنے شفقت فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ یا اللہ! اور سلامتی نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جیسا کہ آپ نے سلامتی نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر، بیشک آپ لائق حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔ (راوی: حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

(۱) ع، جلد دوئم، صفحہ ۱۲۳۔(۲) ال، صفحہ۵۹۰، بحوالہ ابن بشکوال فی 'القربة' ابوالقاسم التیمی فی 'مسلسلاتہ' اور ابن مسدی فی 'مسلسلاة من طریق حرب بن الحسن الطائی عن عمرو بن خالد الواسطی عن زید بن علی بن الحسین عن ابیہ عن جدہ، عن ابیہ علی بن ابی طالب

درود نمبر ۴۳

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَصَلِّ عَلَيْنَا مَعَهُمْ

أَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلَيْنَا مَعَهُمْ

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر، جیسا کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور رحمت نازل فرمایئے ان کے ساتھ ہم پر بھی۔ یا اللہ! برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر، جیسا کہ آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور برکت نازل فرمایئے ان کے ساتھ ہم پر بھی۔ (راوی: حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ال، صفحہ ۲۰۔ بحوالہ طبرانی

درود نمبر ۴۴

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ

وَاٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

## ترجمہ درود نمبر ۴۴

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر، بیشک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

(راوی: حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) فضل ، حدیث ۵۸۔

## درود نمبر ۴۵

أَللّٰهُمَّ بَارِكْ

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّأَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ أَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَيْنَا مَعَهُمْ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَصَلَاةُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ أَلسَّلَامُ عَلَيْهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ،

ترجمہ: یا اللہ! برکت نازل فرمایئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اہل بیت پر، جیسا کہ آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ یا اللہ برکت نازل فرمایئے ان کے ساتھ ہم پر بھی۔ اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور اہل ایمان کے درود ہوں سیدنا محمد نبی الامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر۔ اور سلامتی ہو ان پر اور اللہ کی رحمتیں اور اس کی برکتیں ہوں۔

(راوی: حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ اور ابو معمر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم) اط، مع، جلد ۱۰، حدیث ۹۹۳۷۔

درود نمبر ۴۶

أَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ اَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ إِبْرَاھِیْمَ إِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ، أَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلَیْنَا مَعَھُمْ صَلَوَاتُ اللّٰہِ وَصَلَوَاتُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلٰی مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الْأُمِّیِّ، أَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اہل بیت پر، جیسا کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام پر، بیشک آپ لائق حمد ہیں بزرگی والے ہیں۔ یا اللہ برکت نازل فرمایئے ان کے ساتھ ہم پر بھی۔ اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور اہل ایمان کے درود ہوں سیدنا محمد نبی امی صلی اللہ علیہ وسلم پر۔ اور آپ پر سلام ہو اور اللہ کی رحمتیں اور اس کی برکتیں ہوں۔

(راوی: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

(۱) قط، جلد اول، حدیث نمبر ۱۳۲۳۔

## درود نمبر ۴۷

أَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ
وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا جَعَلْتَهَا عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَ
عَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ترجمہ: یا اللہ! اپنی عنایتیں اور اپنی رحمتیں اور اپنی برکتیں سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر مبذول فرمایئے جیسا کہ آپ نے ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام پر مبذول فرمائیں۔ بے شک آپ لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

(راوی: حضرت بریدہ الخزاعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) م ۱، حدیث نمبر ۲۲۸۸٤۔

## درود نمبر ۴۸

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَ
بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ترجمہ درود نمبر ۴۸

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر، جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر، جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام پر۔ بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ (راوی: حضرت کعب بن عجرہؓ) اط،مع، جلد۱۹، حدیث ۲۸۰۔

درود نمبر ۴۹

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَبَارِكْ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جس طرح آپ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر رحمت نازل فرمائی بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ اور برکت نازل فرمایئے آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بے شک آپ ہی لائق حمد ہیں بزرگی والے ہیں۔ (راوی: حضرت کعب بن عجرہؓ)

اط، مع، جلد ۱۹، حدیث ۲۴۲۔

## درود نمبر ۵۰

# اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جس طرح آپ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر رحمت نازل فرمائی۔ اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر۔ بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

(راوی: حضرت کعب بن عجرہؓ)

اط، مع، جلد۱۹، حدیث ۲٤۱۔

درود نمبر ۵۱

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
مُحَمَّدٍ صَلَاةً تَكُوْنُ لَكَ رِضًا وَّلِحَقِّهٖ
أَدَاءً وَّأَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْمَقَامَ الَّذِیْ
وَعَدْتَّهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ أَهْلُهٗ وَاجْزِهٖ
عَنَّا مِنْ أَفْضَلِ مَا جَزَيْتَ نَبِيًّا عَنْ
أُمَّتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ إِخْوَانِهٖ مِنَ
النَّبِيِّيْنَ وَالصَّالِحِيْنَ يَآ أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

ترجمہ: یا اللہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسی رحمت نازل فرمایئے جو آپ کی خوشنودی کا باعث ہو اور جس کے ذریعہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا حق ادا ہو جائے اور آپ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو "الوسیلہ" اور وہ مقام عطا فرمایئے جسکا آپ نے انسے وعدہ کر رکھا ہے، سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ہماری طرف سے ایسی جزاء عطا فرمایئے جسکے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اہل ہیں اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ہماری طرف سے افضل جزا عطا فرمایئے جو آپ نے کسی نبی کو اسکی امت

کی طرف سے عطا فرمائی ہو اور رحمت نازل فرمائیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام بھائیوں یعنی نبیوں اور صالحین پر، اے ارحم الراحمین۔ (راوی کا نام نہیں ہے۔)

(حوالہ: ابن ابی عاصم)(۱) ال، حافظ سخاوی، ص،۷٤ (۲) سع، ص۲۳۲ اور ۲۳٤۔

## درود نمبر ۵۲

# أَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ وَأَزْوَاجِهٖ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَأَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ترجمہ: یا اللہ! اپنی رحمتیں اور اپنی برکتیں مبذول فرمائیے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ازواج امہات المومنین پر، اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذریت اور اہل بیت پر، جیسا کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بے شک آپ لائق حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔

(راوی: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

مسند علیؓ (ن)، الکامل، ابن عدی، ال، ص نمبر ٦٧ بحوالہ ابن عبد البر۔

## درود نمبر ۵۳

أَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا جَعَلْتَهَا عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ترجمہ: یا اللہ! اپنی رحمتیں اور اپنی برکتیں مبذول فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جیسا کہ آپ نے انکو مبذول فرمایا حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، اور آل ابراہیم علیہ السلام پر، بیشک آپ ہی لائق حمد ہیں بزرگی والے ہیں اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جیسا کہ آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر، بیشک آپ لائق حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔

(اس میں راوی کا نام نہیں لکھا۔) بحوالہ: ابو القاسم تلمسانی فی 'مفاخرہ' جذب القلوب الی دیار المحبوب، شیخ عبد الحق دہلوی، مطبوعہ لکھنؤ ۱۹۱۶ء، صفحہ ۲۶۳۔

## درود نمبر ۵۴

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا سَلَّمْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَتَحَنَّنْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَحَنَّنْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جیسا کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام پر، اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جیسا کہ آپ نے برکت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام پر، اور سلامتی نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر، جیسا کہ آپنے سلامتی نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، اور شفقت فرمایئے محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر، جیسا کہ آپنے شفقت فرمائی

حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بیشک آپ لائق حمد ہیں بزرگی والے ہیں۔ (راوی: حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔)
(۱) ال، صفحہ ٦٠ (۲) سع، صفحہ ۲۳۱۔

## درود نمبر ۵۵

**اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْٓ اٰمَنَ بِكَ وَبِكِتَابِكَ وَاَعْطِهٖٓ اَفْضَلَ رَحْمَتِكَ وَاٰيَةَ الشَّرَفِ عَلٰی خَلْقِكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاجْزِهٖ خَيْرَ الْجَزَآءِ وَالسَّلَامُ عَلَيْهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ**

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے اپنے بندے اور اپنے رسول سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جو نبی امی ہیں، جو آپ پر اور آپکی کتاب پر ایمان لائے ہیں، اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو عطا فرمایئے اپنی افضل رحمت اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو اپنی مخلوق پر شرف عطا فرمایئے قیامت کے دن اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو بہترین جزائے خیر عطا فرمایئے اور سلام ہو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور اس کی برکتیں۔ (راوی کا نام نہیں لکھا ہے۔) جذب القلوب الی دیار المحبوب، شیخ عبد الحق محدث دہلوی، لکھنؤ، ۱۹۱٦، ص، ۲٦٤۔

درود نمبر ۵۶

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۝

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جیسا کہ آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، بیشک آپ لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ (راوی: طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ل، صفحہ ۲۸۔اط

درود نمبر ۵۷

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ كَمَا رَحِمْتَ إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلَ إِبْرَاهِيْمَ

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جیسا کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر اور رحم فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جیسا کہ آپ نے رحم فرمایا حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر۔ (راوی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

(۱) ابن ابی عاصم (۲) ل، صفحہ ۲۸۔ (۳) سع، صفحہ ۲۳۱،

## درود نمبر ۵۸

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ (راوی: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما)

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جیسا کہ آپنے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بیشک آپ لائق حمد بزرگی والے ہیں اور رحم فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جیسا کہ آپنے رحم فرمایا ابراہیم علیہ السلام پر، بیشک آپ لائق حمد بزرگی والے ہیں اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جیسا کہ آپنے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، بیشک آپ لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ (۱) ابن جریر (۲) ال، صفحہ ۵۹۔(۳) ل ، صفحہ ۳۱۔

درود نمبر ۵۹

جو پریشان حال بھی یہ دعا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی پریشانی زائل فرمائیں گے

أَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ يَا أَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ
يَا رَحِيْمُ يَا جَارَ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ يَا اٰمِنَ
الْخَآئِفِيْنَ يَا عِمَادَ مَنْ لَّا عِمَادَ لَهٗ
يَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَهٗ يَا ذُخْرَ
مَنْ لَّا ذُخْرَ لَهٗ يَا حِرْزَ الضُّعَفَآءِ يَا كَنْزَ
الْفُقَرَآءِ يَا عَظِيْمَ الرَّجَآءِ يَا مُنْقِذَ
الْهَلْكٰى يَا مُنْجِيَ الْغَرْقٰى يَا مُحْسِنُ
يَا مُجْمِلُ يَا مُنْعِمُ يَا مُفْضِلُ يَا عَزِيْزُ
يَا جَبَّارُ يَا مُنِيْرُ أَنْتَ الَّذِيْ سَجَدَ لَكَ
سَوَادُ اللَّيْلِ وَضَوْءُ النَّهَارِ وَشُعَاعُ
الشَّمْسِ وَحَفِيْفُ الشَّجَرِ وَدَوِيُّ الْمَآءِ

وَنُوْرُ الْقَمَرِ يَا أَللّٰهُ أَنْتَ اللّٰهُ لَاشَرِيْكَ لَكَ أَسْئَلُكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

ترجمہ درود نمبر ۵۹

یا اللہ! میں آپ سے سوال کرتا ہوں۔ یا اللہ! یا رحمٰن یا رحیم! اے پناہ مانگنے والوں کو پناہ دینے والے! اے، ڈرنے والوں کی جائے امان! اے پشت پناہ اس شخص کی جسکی کوئی پشت نہیں! اے بے سہاروں کے سہارے! اے بے ذخیروں کے ذخیرے! اے کمزوروں کی پناہ! اے فقراء کے خزانے! اے بہت بڑی امید والے! اے ہلاک ہونے والوں کو بچانے والے! اے ڈوبنے والوں کو نجات دینے والے! اے احسان کرنے والے! اے خوبی اور بھلائی کرنے والے! اے انعام کرنے والے! اے فضل کرنے والے! اے بہت بڑے غالب اور بڑی طاقت والے! اے روشنی عطا کرنے والے! آپ وہ ہیں کہ آپکو سجدہ کرتی ہے رات کی تاریکی اور دن کی روشنی اور سورج کی شعاعیں اور درختوں کے پتوں کی کھڑکھڑاہٹ، اور پانی کی گنگناہٹ اور چاند کا نور، اے اللہ! آپ اللہ ہیں! آپکا کوئی شریک نہیں، میں آپ سے سوال کرتا ہوں کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جو آپکے بندے اور آپکے رسول ہیں رحمت نازل فرمایئے اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر بھی۔

"حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو پریشان حال بھی یہ دعا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی پریشانی زائل فرمائیں گے۔ اور حافظ السیوطیؒ نے الاذکار میں اسکو پریشانی زائل کرنے کی دعاؤں میں ذکر کیا ہے۔" (راوی: حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما)

ال، صفحه ۷۲، بحواله دیلمیؒ (فردوس) ل، صفحه ٤٧،
بحواله ابو الفتح مقدسیؒ، کتاب الادعية المستجابة

درود نمبر ٦٠

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِيْمَ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ كَمَا رَحِمْتَ إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلَ إِبْرَاهِيْمَ

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر، یا اللہ! رحم فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جس طرح آپ نے رحم فرمایا حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر۔ (اس میں راوی کا نام درج نہیں ہے) ال، صفحہ ٦٣۔ بحوالہ ابن ابی عاصم۔

درود نمبر ٦١

# أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جس طرح آپ نے رحمت اور برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بیشک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

(راوی: عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما)

بحوالہ: ابو عبد اللہ المنیری، کتاب الاعلام فضل ال، صفحہ ٥٨

## درود نمبر ۶۲

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ أَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ (راوی: حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر، یا اللہ! برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جیسا کہ آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر۔ بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ سع (ص ۲۳۱۔۳۳۳)

## درود نمبر ۶۳

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ أَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ

## ترجمہ درود نمبر ۶۳

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، یا اللہ برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، جس طرح آپنے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر۔ (راوی: حضرت ابو مسعود الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

اط، مع، جلد نمبر ۱۷، حدیث نمبر ۶۹۶۔

## درود نمبر ۶۴

**جو شخص یہ درود پڑھے اس کے لئے ستر (۷۰) فرشتے ہزار (۱۰۰۰) دن تک استغفار کرتے ہیں۔**

# جَزَی اللّٰہُ تَعَالیٰ عَنَّا مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا هُوَ أَهْلُهٗ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ ہماری طرف سے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو آپ کے شایان شان جزائے خیر عطاء فرمائے۔ (راوی: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما)

(۱) ل، صفحہ ۴۰۔ (۲) سع، صفحہ ۲۳۲ (۳) ابو نعیم نے 'حلیہ' میں، ابن شاہین نے 'ترغیب' میں اور اط، نے اس سند کے ساتھ جس میں ہانی بن متوکل (ضعیف) ہے۔

## درود نمبر ۶۵

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِيْمَ، وَارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّ آلَ مُحَمَّدٍ كَمَا رَحِمْتَ إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلَ إِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ترجمہ: یا اللہ رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جیسا کہ آپنے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور ابراہیم علیہ السلام کی آل پر اور رحم فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جیسا کہ آپنے رحم فرمایا حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ابراہیم علیہ السلام کی آل پر اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر جیسا کہ آپنے برکت نازل فرمائی سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر اور ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بیشک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

(راوی: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا)(۱) حوالہ: ال، صفحہ ۶۰ اور ۶۱(۲) سع، صحہ ۲۳۱ اس میں پہلی مرتبہ 'ال ابراہیم' سے پہلے لفظ 'علی' ہے۔

درود نمبر ٦٦

إِنَّ اللّٰهَ وَ مَلآئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلوٰةُ اللّٰهِ الْبَرِّ الرَّحِيْمِ وَ الْمَلآئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَالنَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَمَا سَبَّحَ لَكَ مِنْ شَيْءٍ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَسَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَ رَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَلشَّاهِدِ الْبَشِيْرِ اَلدَّاعِيْ إِلَيْكَ بِإِذْنِكَ السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ وَ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔

## ترجمہ درود نمبر ٦٦

ترجمہ: بلاشبہ اللہ کی رحمتیں اور فرشتوں کے درود نازل ہوتے رہتے ہیں ہمارے آقا سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر۔ حق تعالیٰ کی تمام رحمتیں جو کہ بہت مہربان رحم کرنے والے ہیں اور تمام فرشتوں کے درود جو کہ مقرب ہیں اور حق تعالیٰ کے تمام نبیوں اور سچے بندوں کے اور تمام شہیدوں اور صالحین درود کے، اے پروردگار عالم! اور ہر اس چیز کے جو آپکی تسبیح کرتی ہے درود و سلام ہمارے آقا محمد بن عبداللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمایئے جو کہ تمام انبیاء کے خاتم اور رسولوں کے سردار ہیں، اہل تقویٰ کے امام ہیں، رب العالمین کے پیغمبر ہیں، گواہی دینے والے ہیں اور بشارت دینے والے ہیں، جو کہ آپکے حکم سے دین اسلام کے داعی ہیں، روشن چراغ ہیں اور ہمارے آقا پر سلامتی ہو۔

(حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا درود)

حوالہ: کتاب الصلات والبشر فی الصلاۃ علی خیر البشر، امام الفیروز آبادی۔ مجد الدین محمد بن یعقوب، صفحہ ١٤٣۔ ١٤٤۔

درود نمبر ٦٧

# اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ شَفَاعَةَ مُحَمَّدٍ الْكُبْرٰى وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ الْعُلْيَا وَاَعْطِهٖ سُؤْلَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ وَ الْاُوْلٰى. كَمَآ اٰتَيْتَ اِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰى

ترجمہ: یا اللہ! آپ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی شفاعت کبریٰ قبول فرما لیجئے اور ان کے عظیم درجے کو بلند فرما دیجئے اور انہیں ان کی طلب کردہ چیزیں دنیا و آخرت میں اسی طرح عطا کر دیجئے جس طرح آپ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ان کی مانگی ہوئی چیزیں عطا فرمائیں۔

(حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما)

فضل ، حديث ٥٢۔ ق ، مص، حديث ٣١٠٤۔

درود نمبر ۶۸

أَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَاتَكَ وَرَحْمَتَكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَإِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ إِمَامِ الْخَيْرِ وَقَآئِدِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ أَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَّغْبِطُهٗ بِهِ الْأَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ أَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ
وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

ترجمہ درود نمبر ۶۸

ترجمہ: یااللہ! آپ اپنی عنایتیں، رحمتیں اور برکتیں نازل فرمایئے رسولوں کے سردار اور متقیوں کے امام اور خاتم الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جو آپ کے بندے اور رسول اور خیر کے امام اور خیر کے قائد ہیں۔ رسول رحمت ہیں، یااللہ انہیں قیامت کے روز مقام محمود عطا فرمایئے جس پر پہلے اور بعد والے سب رشک کریں یااللہ! رحمت نازل فرمایئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جس طرح آپنے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام پر رحمت نازل فرمائی۔ بیشک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ یااللہ! برکت نازل فرمایئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جس طرح آپنے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر برکت نازل فرمائی۔ بیشک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ (حضرت عبداللہ ابن عباسؓ)

(۱) ا، کتاب اقامة الصلاة والسنة فیها، باب ، حدیث ۹۰۶۔ (۲) شفاء السقام، صفحه ۲۷۰۔

درود نمبر ۶۹

أَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَاتَكَ وَرَحْمَتَكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَإِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ إِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ أَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَّغْبِطُهُ بِهِ الْأَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ أَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

## ترجمہ درود نمبر ۶۹

ترجمہ: یا اللہ آپ اپنی عنایتیں، رحمتیں اور اپنی برکتیں نازل فرمایئے رسولوں کے سردار اور متقیوں کے امام اور خاتم الانبیاء سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جو آپ کے بندے اور رسول اور خیر کے امام اور خیر کے قائد ہیں اور رسول رحمت ہیں، یا اللہ انہیں قیامت کے روز مقام محمود عطا فرمایئے جس پر پہلے اور بعد والے سب رشک کریں یا اللہ رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جس طرح آپ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام پر رحمت نازل فرمائی۔ بے شک آپ ہی لائق حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔ یا اللہ برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جس طرح آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، اور ان کی آل پر بے شک آپ ہی لائق حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔ (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

(۱) فضل، حدیث ٦١ (۲) اط، مع، جلد ۹، حدیث ۸۵۹۴۔

## درود نمبر ۷۰

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَإِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ إِمَامِ الْخَيْرِ وَقَآئِدِ الْخَيْرِ

وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا
يَّغْبِطُهٗ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اٰلِ
اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ
حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ترجمہ: یا اللہ آپ اپنی رحمتیں اور اپنی عنایتیں نازل فرمایئے رسولوں کے سردار اور متقیوں کے امام اور خاتم الانبیاء سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو آپکے بندے اور آپکے رسول خیر کے امام اور خیر کے قائد ہیں اور رسول رحمت ہیں، یا اللہ انہیں قیامت کے روز مقام محمود عطا فرمایئے جس پر پہلے اور بعد والے سب رشک کریں یا اللہ رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جس طرح آپنے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر رحمت نازل فرمائی۔ بیشک آپ ہی لائق حمد ہیں۔ یا اللہ برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جس طرح آپنے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر برکت نازل فرمائی۔ بیشک آپ ہی لائق حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔ (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

اط، مع، جلد ۹، حدیث نمبر ۸۵۹۵۔

درود نمبر ۱۷

أَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَاتَكَ وَرَحْمَتَكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَإِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ إِمَامِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ أَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَّغْبِطُهٗ بِهٖ الْأَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّأَبْلِغْهُ الْوَسِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ مِنَ الْجَنَّةِ أَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِي الْمُصْطَفِيْنَ مَحَبَّتَهٗ وَفِي الْمُقَرَّبِيْنَ مَوَدَّتَهٗ وَفِي الْأَعْلِيْنَ ذِكْرَهٗ وَدَارَهٗ وَالسَّلَامُ عَلَيْهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى إِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ أَللّٰهُمَّ بَارِكْ

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

ترجمہ: یا اللہ آپ اپنی عنایتیں اپنی رحمتیں اور اپنی برکتیں نازل فرمایئے رسولوں کے سردار اور متقیوں کے امام اور خاتم الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جو آپکے بندے اور رسول اور خیر کے امام اور رسول رحمت ہیں، یا اللہ انہیں قیامت کے روز مقام محمود عطاء فرمایئے جس پر پہلے اور بعد والے سب رشک کریں یا اللہ رحمت نازل فرمایئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور پہنچایئے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو جنت کے وسیلے میں اور بلند درجے میں، یا اللہ برگزیدہ حضرات کے دل میں آپکی محبت ڈال دیجئے اور مقرب حضرات کے دلوں میں آپکی دوستی ڈال دیجئے اور اونچے لوگوں (فرشتوں) میں آپکا ذکر کیجئے اور سلام ہو آپ پر اور اللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جس طرح آپنے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام پر رحمت نازل فرمائی۔ بیشک آپ ہی لائق حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔ یا اللہ! برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جس طرح آپنے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام پر برکت نازل فرمائی، بیشک آپ ہی لائق حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔ (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما)

ال، صفحہ ۵۸، بحوالہ ابن ابی عاصم۔

درود نمبر ۲۷

أَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى اَحْمَدَ كَمَا

جَعَلْتَهَا عَلٰى إِبْرَاهِيمَ أَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ

وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا جَعَلْتَهَا عَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيمَ

إِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ أَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَ

رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَمَغْفِرَةُ اللّٰهِ وَرِضْوَانُ

اللّٰهِ أَللّٰهُمَّ اجْعَلْ مُحَمَّدًا مِنْ اَكْرَمِ عِبَادِكَ عَلَيْكَ

وَمِنْ اَرْفَعِهِمْ عِنْدَكَ دَرَجَةً وَاَعْظَمِهِمْ خَطَرًا

وَأَمْكَنِهِمْ عِنْدَكَ شَفَاعَةً أَللّٰهُمَّ اٰتِهٖ فِيْ أُمَّتِهٖ وَ

ذُرِّيَّتِهٖ مَا تَقَرُّ بِهٖ عَيْنُهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا خَيْرَ مَا جَزَيْتَ

نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ وَاجْزِ الْأَنْبِيَآءَ كُلَّهُمْ خَيْرًا

وَالسَّلَامُ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَ

وَأَوْلَادِهٖ وَأَهْلِ بَيْتِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَمُحِبِّيْهِ وَتَابِعِيْهِ وَأَشْيَاعِهٖ وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ أَجْمَعِيْنَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

ترجمہ درود نمبر ۲۷

ترجمہ: یا اللہ! اپنی رحمتیں اور اپنی برکتیں نازل فرمایئے احمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ آپنے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائیں۔ یا اللہ اپنی رحمتیں اور برکتیں نازل فرمایئے محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جیسا کہ آپنے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر نازل فرمائیں۔ بیشک آپ ہی لائق حمد، بزرگی والے ہیں۔ اے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم آپ پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت اور اسکی برکتیں اور اللہ کی مغفرت اور اللہ کی خوشنودی۔ یا اللہ محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو بنایئے اپنے بندوں میں سب سے زیادہ معزز اپنے نزدیک اور اپنے ہاں سب سے بلند ترین درجے والے اور سب سے زیادہ شان والے اور سب سے زیادہ شفاعت کرنے والے۔ یا اللہ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی امت اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذریت میں آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کیلئے آنکھوں کی ٹھنڈک عطاء فرمایئے اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو ہماری طرف سے جزائے خیر عطاء فرمایئے اس سے بہتر جو آپنے کسی نبی کو اسکی امت کی طرف سے عطاء فرمائی ہو اور تمام انبیاء کو جزائے خیر عطا فرمایئے۔ اور تمام رسولوں پر سلام ہو۔ اور تمام

تعریفیں اللہ رب العالمین کیلئے ہیں۔ یا اللہ! رحمتیں نازل فرمایئے محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اصحاب پر، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اولاد پر، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اہل بیت پر، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذریت پر، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے محبت رکھنے والوں پر، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی پیروی کرنے والوں پر، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ساتھیوں پر اور ان کے ساتھ ہم سب پر بھی، اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے رحم کرنے والوں میں سے۔ (عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

الصلاۃ والبشر فی الصلاۃ علی خیر البشر، مجد الدین محمد بن یعقوب لفیروز آبادی، صفحہ ۱۴۴

## درود نمبر ۳۷

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ صَلَاتِكَ شَیْءٌ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ سَلَامِكَ شَیْءٌ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ بَرَكَاتِكَ شَیْءٌ۔ (عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما)

## ترجمہ درود نمبر ۷۳

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر یہاں تک کہ باقی نہ رہے آپ کی رحمت میں سے کوئی چیز، اور سلام نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر یہاں تک کہ باقی نہ رہے آپ کے سلام میں سے کوئی چیز۔ اور برکتیں نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر یہاں تک کہ باقی نہ رہے آپ کی برکتوں میں سے کوئی چیز۔ دیلمی (فردوس) ا‌ط، (کتاب الدعاء) ال، صفحہ ۳۴۲۔

## درود نمبر ۷۴

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلٰوتِكَ وَبَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَخَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ اِمَامِ الْخَیْرِ وَقَائِدِ الْخَیْرِ اَللّٰھُمَّ ابْعَثْهُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا یَّغْبِطُهُ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰۤی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ

## ترجمہ درود نمبر ۷۴

ترجمہ: یا اللہ آپ اپنی رحمتیں برکتیں اور عنایتیں نازل فرمایئے مسلمانوں کے سردار اور متقیوں کے امام اور خاتم الانبیاء سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جو کہ آپ کے بندے اور آپکے رسول خیر کے امام اور خیر کے قائد ہیں، یا اللہ انہیں قیامت کے روز مقام محمود عطا فرمایئے جس پر پہلے اور بعد والے سب رشک کریں اور رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جس طرح آپ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام پر رحمت نازل فرمائی۔ (عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) فضل، حدیث نمبر ٦٢۔

## درود نمبر ۷۵

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا تَبْقٰى صَلَاةٌ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا تَبْقٰى بَرَكَةٌ اَللّٰهُمَّ
سَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى سَلَامٌ اَللّٰهُمَّ
وَارْحَمْ مُحَمَّدًا حَتّٰى لَا تَبْقٰى رَحْمَةٌ

## ترجمہ درود نمبر ۷۵

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمائیے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر حتیٰ کہ (اس کے علاوہ) کوئی رحمت باقی نہ رہے اور یا اللہ حضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر برکت نازل فرمائیے حتیٰ کہ کوئی برکت (اس کے علاوہ) باقی نہ رہے یا اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام بھیجئے حتیٰ کہ (اس کے علاوہ) کوئی سلام باقی نہ رہے۔ یا اللہ! سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر رحم فرمائیے حتیٰ کہ (اس کے علاوہ) کوئی رحمت باقی نہ رہے۔ (زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

(۱) حوالہ: اط، مع، جلد ٥، حدیث نمبر ٤٨٨٧۔(٢) ال، صفحہ ٦٤

## درود نمبر ۷٦

**صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم یہ درود پڑھنا پسند فرماتے تھے۔**

# اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ݧ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ عَلَیْہِ السَّلَام

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمائیے سیدنا محمد نبی الامّی صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر۔ اور ان پر سلامتی ہو

**حضرت یزید بن عبد اللہ بن الشخیر العامری رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم یہ درود پڑھنا پسند فرماتے تھے۔**

حوالہ: فضل، حدیث نمبر ٦٠۔

## درود نمبر ۷۷

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اَھْلِ بَیْتِہٖ وَ

عَلٰٓی اَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی

اِبْرَاھِیْمَ وَاٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اَھْلِ بَیْتِہٖ وَعَلٰٓی

اَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ

وَاٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

ترجمہ: یا اللہ رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اہل بیت پر، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ازواج اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذریت پر جیسا کہ آپنے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، آپ بیشک لائق حمد بزرگی والے ہیں۔اور برکت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اہل بیت، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ازواج اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذریت پر جیسا کہ آپنے برکت نازل

فرمائی حضرت ابراھیم علیہ السلام پر اور ابراھیم علیہ السلام کی آل پر، بیشک آپ لائق حمد بزرگی والے ہیں۔ (حضرت ابوبکر ابن محمد بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما)

(۱)سع ، ص ۲۳۲،(۲) ق (فی 'جامعه' من طریق ابن طاؤس) ال، صفحه ٦٥

درود نمبر ۷۸

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ مِنْ خَلْقِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ كَمَا يَنْبَغِيْ لَنَآ أَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ كَمَآ أَمَرْتَنَآ أَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ

ترجمہ: یا اللہ (اپنے) نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اتنی رحمتیں نازل فرمائیے جتنے لوگ تیری مخلوق میں سے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر درود پڑھیں اور محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر رحمتیں نازل فرمائیے جیسا کہ ہمیں آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر درود پڑھنا چاہیے اور محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر رحمتیں نازل فرمائیے جیسا کہ آپ نے ہمیں آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر درود پڑھنے کا حکم دیا ہے۔

(۱) الدر المنثور فی التفسیر بالماثور(۲) تفسیر سورة الاحزاب، جلال الدین سیوطیؒ، صفحه ٤٠٧۔

درود نمبر ۷۹

امام طبرانیؒ نے مندرجہ ذیل درود نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو سنایا تو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم یہ سن کر مسکرائے اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے دندان مبارک ظہور پزیر ہوئے۔

أَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ بِعَدَدِ مَنْ حَمِدَكَ وَلَكَ الْحَمْدُ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ يَحْمَدْكَ وَلَكَ الْحَمْدُ كَمَا تُحِبُّ أَنْ تُحْمَدَ أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ أَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ

## ترجمہ درود نمبر ۷۹

ترجمہ: یا اللہ آپ ہی کیلئے تمام تعریفیں ہیں ان لوگوں کی تعداد کے مطابق جنہوں نے آپ کی تعریف کی ہے اور آپ ہی کیلئے تمام تعریفیں ہیں ان لوگوں کی تعداد کے مطابق جنہوں نے آپ کی حمد نہیں کی اور آپ ہی کیلئے تمام وہ تعریفیں جن کو آپ نے اپنی تعریف کیلئے پسند فرمالیا ہے، یا اللہ! رحمتیں نازل فرمایئے محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ان لوگوں کی تعداد کے مطابق جنہوں نے آپ صلی اللہ علیہ والیہ وسلم پر درود پڑھا اور رحمتیں نازل فرمایئے محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اُن لوگوں کی تعداد کے مطابق جنہوں نے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر درود نہیں پڑھا اور رحمتیں نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جیسا کہ آپ پسند کرتے ہیں کہ ہمارے آقا پر رحمتیں نازل ہوتی رہیں۔

امام طبرانیؒ نے اپنی کتاب ''الدعاء'' میں لکھا ہے کہ انہوں نے خواب میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو دیکھا تو بعد سلام کے عرض کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم مجھے اللہ تعالیٰ نے کلمات الہام فرمائے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ سناؤ۔ امام طبرانیؒ نے مندرجہ بالا درود سنایا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم یہ سن کر مسکرائے اور آپکے دندان مبارک ظہور پذیر ہوئے۔

درود نمبر ۸۰

## اس درود کے پڑھنے سے دنیا و آخرت کے سارے مقاصد پورے ہوتے ہیں

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْأَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِىْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ أَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَآ أَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِى الْحَيَاتِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ

## ترجمہ درود نمبر ۸۰

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے ہمارے سردار سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اولاد پر ایسی رحمت کاملہ کہ اسکی برکت سے آپ ہمیں نجات عطا فرمائیں تمام ہولناکیوں/خطرات اور آفات سے اور اسکی برکت سے پوری فرمادیں ہماری تمام حاجتیں اور اس کی رحمت کے صدقے تمام گناہوں اور برائیوں سے ہمکو پاک کردیں اور ہمکو بلند فرمادیں اسکے وسیلے سے اپنے نزدیک بلندترین درجات پر اور ہمکو پہنچادیں اسکے وسیلے سے آخری منزل تک تمام نیکیوں میں، زندگی میں بھی اور مرنے کے بعد۔(حضرت شیخ صالح موسیٰ الضریر رحمۃ اللہ علیہ،)

**اس درود کو نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے خواب میں حضرت شیخ صالح موسیٰ الضریر رحمۃ اللہ علیہ کو ایسے وقت میں تلقین فرمایا تھا کہ ان کا جہاز طوفان میں مبتلا تھا۔اس درود کو تین سو بار ہی پڑھا تھا کہ طوفان سے نجات ہوگئی۔**

جذب القلوب میں شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ اس درود کے پڑھنے سے سارے مقاصد دنیا و آخرت کے پورے ہوتے ہیں اور ساری مشکلیں آسان ہوتی ہیں۔

(جذب القلوب، فارسی، لکھنؤ، صفحہ ۲۷۲)(۱) الصلات والبشر فی الصلاۃ علی خیر البشر، مجدد الدین محمد بن یعقوب الفیروز آبادی، صفحہ، ۱۴۶۔

درود نمبر ۸۱

## اس درود کے پڑھنے والے کے لئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا سلام

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ جَزَى اللّٰهُ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنَّا مَا هُوَ أَهْلُهٗ۔

ترجمہ: یا اللہ! سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر رحمت نازل فرمایئے جو کہ نبی امی ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر، ہماری طرف سے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے جیسا کہ وہ اس کے اہل ہیں۔

خراسان سے ایک شخص آیا اور ابوالفضل بن زیرک موسانیؒ سے کہا کہ میں نے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو خواب میں دیکھا جب کہ میں مدینہ منورہ میں ایک مسجد میں سویا ہوا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم ہمدان جاؤ تو ابوالفضل بن زیرک کو میرا سلام کہنا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم (اس عنایت کی) وجہ کیا ہے؟ فرمایا کہ وہ روزانہ مجھ پر ایک ہزار مرتبہ یا اس سے زائد (مندرجہ بالا) درود شریف پڑھتے ہیں۔ القول البدیع صفحہ ۲۳۷ ذریعۃ الوصول، صفحہ ۷۱

# درود نمبر ۸۲

## اس درود کی برکت سے امام شافعیؒ پر حق تعالیٰ کی عنایت

# اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے ہمارے آقا سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جس قدر ذکر کریں ان کو ذکر کرنے والے اور رحمت نازل فرمایئے ہمارے آقا سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جس قدر غافل ہوں ان کے ذکر سے غفلت کرنے والے۔ (یعنی تمام مخلوقات کے برابر رحمت نازل فرمایئے۔)

کسی نے امام شافعیؒ کو خواب میں دیکھا اور دریافت کیا کہ حق تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ کیا۔ آپ نے جواب دیا کہ مجھ پر رحمت کی اور میری مغفرت فرمائی۔ پھر مجھے بہشت میں لے گئے جیسے کہ کسی دلہن کو لے جاتے ہیں مجھ پر موتی اور یاقوت نچھاور کیے جیسا کہ دلہن پر کرتے ہیں۔ یہ سب انعام اس وجہ سے ہوا کہ جب میں نے ایک رسالہ لکھا تو یہ (مندرجہ بالا) درود لکھا تھا۔

(۱) کتاب۔ مسند محمد بن ادریس الشافعیؒ، مطبوعہ، شرکۃ المطبوعات، ۱۳۲۷ھ، صفحہ ۲۔(۲) الصلات والبشر فی الصلاۃ علی خیر خیر البشر، مجدد الدین محمد بن یعقوب الفیروز آبادی، صفحہ ۱۴۷۔

درود نمبر ۸۳

## سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فقر (غربت اور محتاجی) سے نجات کے لئے یہ درود شریف تعلیم فرمایا۔

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ
هَبْ لَنَا أَللّٰهُمَّ مِنْ رِّزْقِكَ الْحَلَالِ الطَّيِّبِ
الْمُبَارَكِ مَا تَصُوْنُ بِهٖ وُجُوْهَنَا عَنِ التَّعَرُّضِ
إِلٰٓى اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ وَاجْعَلْ لَنَا أَللّٰهُمَّ إِلَيْهِ
طَرِيْقًا سَهْلًا مِّنْ غَيْرِ تَعَبٍ وَّلَا نَصَبٍ وَّلَا
مِنَّةٍ وَّلَا تَبِعَةٍ وَجَنِّبْنَا أَللّٰهُمَّ الْحَرَامَ حَيْثُ
كَانَ وَأَيْنَ كَانَ وَعِنْدَ مَنْ كَانَ وَحُلْ بَيْنَنَا وَ
وَبَيْنَ أَهْلِهٖ وَاقْبِضْ عَنَّا أَيْدِيَهُمْ وَاصْرِفْ
عَنَّا قُلُوْبَهُمْ حَتّٰى لَا نَتَقَلَّبَ إِلَّا فِيْمَا
يُرْضِيْكَ وَلَا نَسْتَعِيْنَ بِنِعْمَتِكَ إِلَّا عَلٰى مَا
تُحِبُّ يَآ أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

## ترجمہ درود نمبر ۸۴

ترجمہ: یا اللہ رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آپ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر، یا اللہ ہم کو اپنا رزق حلال پاکیزہ برکت والا عطا فرمایئے تاکہ اس کے ذریعے آپ ہمیں اپنی مخلوق میں سے کسی کے پیچھے پڑنے سے بچائیں اور ہمارے لئے اس رزق تک رسائی کے لئے راستہ آسان فرمایئے بغیر تھکاوٹ، مشقت، بغیر کسی کے احسان کے اور بغیر کسی برے نتیجہ کے۔ یا اللہ حرام سے ہم کو بچا وہ جہاں ہو، جس جگہ ہو، جس کے پاس ہو، ہمارے اور حرام خوروں کے درمیان تو حائل ہو جا اور ہم کو ان کی دسترس سے بچا اور ان کے دلوں کو ہماری طرف سے پھیر دے حتٰی کہ ہم تیری رضا (والے اعمال) کی طرف ہی پلٹ جائیں اور آپکی خوشنودی آپکی نعمتوں سے استعانت صرف ان اعمال سے ممکن ہے جو آپکے نزدیک محبوب ہوں، یا ارحم الراحمین۔

ابو عبد اللہ القسطلانی ؒ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خواب میں زیارت کی اور اپنے فقر (غربت اور محتاجی) کی شکایت کی۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ درود شریف تعلیم فرمایا۔ حواله: ال ، صفحه ۱۹۰۔

درود نمبر ۸۴

# امام شافعیؒ نے فرمایا ان پانچ کلمات پر اللہ تعالیٰ نے میری مغفرت فرما دی

أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا أَمَرْتَ أَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ أَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تَنْبَغِي الصَّلَاةُ عَلَيْهِ

## ترجمہ درود نمبر ۸۴

ترجمہ: یا اللہ! رحمت بھیجئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر درود پڑھنے والوں کی تعداد کے بقدر اور رحمت بھیجئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر درود شریف نہ پڑھنے والوں کی تعداد کے بقدر۔ اور رحمت بھیجئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایسی رحمت کہ جسکا آپنے ہمیں حکم فرمایا اور رحمت بھیجئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جیسی رحمت آپکو پسند ہو اور ایسی رحمت بھیجئے جو سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی شان کے مناسب ہو۔

بیہقی میں ہے کہ امام شافعیؒ کو کسی نے خواب میں دیکھا اور ان سے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے آپکے ساتھ کیا معاملہ کیا؟ فرمایا کہ میری مغفرت ہوگئی۔ پوچھا کہ کس عمل کی وجہ سے؟ فرمایا (وہ مندرجہ بالا) پانچ کلمات ہیں جن سے میں سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر درود شریف پڑھا کرتا تھا۔ (۱) حواله: ال، صفحه ٣٦٠ (٢) ل، صفحه ١١٣

درود نمبر ۸۵

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ

النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَزْوَاجِهٖ وَ

ذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ

اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ

عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا

بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

فِى الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

## ترجمہ درود نمبر ۸۵

ترجمہ: یا اللہ رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جو آپکے بندے، اورآ پکے رسول نبی امی ہیں، اور رحمت فرمایئے آل محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور ان کی ازواج مطہرات (امہات المومنین) اور انکی اولاد پر، جس طرح آپنے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر، اور برکت نازل فرمایئے نبی امی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، انکی ازواج مطہرات اور اولاد پر جس طرح آپنے برکت نازل فرمائی کائنات کے اندر حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام پر، بیشک آپ ہی قابل تعریف لائقِ عظمت ہیں۔(۱) الاذکار من کلام سید ابرار ، الامام النووی، صفحہ۷۶۔

درود نمبر ۸۶

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ
النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَ
ذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ
وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ
الْاُمِّيِّ وَعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا
بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ فِى
الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

## ترجمہ درود نمبر۸۶

ترجمہ: یا اللہ! رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جو آپکے بندے اور آپکے رسول نبی امی ہیں، اور رحمت فرمایئے آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور انکی ازواج مطہرات اور انکی اولاد اور انکے تمام گھر والوں پر، جس طرح آپنے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور انکی آل پر۔

اور برکت نازل فرمایئے نبی امی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر انکی ازواج مطہرات اور انکی اولاد پر جس طرح آپنے برکت نازل فرمائی کائنات کے اندر حضرت ابراہیم علیہ السلام اور انکی آل پر، بے شک آپ ہی لائق حمد بزرگی والے ہیں۔

حافظ زین الدین عراقیؒ (۱) نیل الاوطار شرح منتقی الاخبار مطبوعہ دار الجیل بیروت و دارالحدیث قاہرہ، ج ۲، ص ۲۸۵۔ (۲) اذکار مسنونہ، حافظ ابن قیمؒ، ترجمہ خلیل احمد حامدی، ص ۹۳۔

## درود نمبر ۸۷

أَللّٰهُمَّ صَلِّ أَبَدًا أَفْضَلَ صَلَوٰتِكَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا وَّزِدْهُ تَشْرِيْفًا وَّتَكْرِيْمًا وَأَنْزِلْهُ الْمَنْزِلَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

ترجمہ: یا اللہ! اپنی بہترین رحمتیں ہمیشہ نازل فرمایئے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جو آپ کے بندے آپکے نبی اور آپکے رسول ہیں اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل پر بہت بہت سلامتی بھیجئے اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی بزرگی اور عزت میں اضافہ فرمایئے اور قیامت کے روز آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو آپنے پاس مقرب مرتبہ عطا فرمایئے۔

شیخ کمال الدین ابن ہمام حنفیؒ کہتے ہیں کہ جمیع کیفیات و اردہ سنت مندرجہ بالا درود میں موجود ہیں۔ جذب القلوب، لکھنؤ ایڈیشن، صفحہ ۲۶۲۔

# صيغ السلام

## صِيَغُ السَّلَام ١

# بِسْمِ اللهِ وَ السَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ۔

(المستدرک للحاکم)

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں اور سلام ہو اللہ کے رسول (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) پر

مص ۔ حص (حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ لوگوں کو سکھلاتے تھے)

## صِيَغُ السَّلَام ٢

# أَلتَّحِيَّاتُ الصَّلَوَاتُ لِلّٰهِ، أَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللهِ وَ بَرَكَاتُهُ، أَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَ عَلٰى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِيْنَ

ترجمہ: تمام عبادات قولیہ اور بدنیہ اللہ کے لئے ہیں۔ سلام ہو آپ پر اے نبی (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) اور اللہ کی رحمت اور اُس کی برکتیں ہوں۔ سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔ راوی: طحاوی رحمہ اللہ نے حضرت ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ سے (سع)

# صیغ السلام ۳

بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْأَسْمَآءِ ۔ أَلتَّحِيَّاتُ
الزَّاكِيَاتُ الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ ۔ أَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ
أَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ
أَشْهَدُ أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا
شَرِيْكَ لَهُ ۔ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ

ترجمہ: اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو کہ تمام ناموں میں بہترین نام ہے۔ ساری عبادات قولیہ، عبادات مالیہ، عبادات بدنیہ تمام پاکیزہ (تعریفیں) اللہ کے لئے ہیں۔ سلام ہو آپ پر اے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر نازل ہوں۔ ہم اور اللہ کے نیک بندوں پر بھی سلام ہو۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں۔ وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور بیشک محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اس کے بندے اور اسکے رسول ہیں۔

(راوی: حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

مس، کتاب الصلاۃ، حدیث ۹۸۰۔ قی، السنن الکبریٰ، کتاب الصلاۃ، باب من استحب او اباح التسمیہ قبل التحیۃ، حدیث ۲۸۹۶

# صِيَغُ السَّلام ۴

أَلتَّحِيَاتُ لِلّٰهِ الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ
الطَّيِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ لِلّٰهِ
أَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ
وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ
أَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَ عَلٰى عِبَادِ
اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ ، أَشْهَدُ أَنْ لَّآ
إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا
عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ۔ (مؤطا)

ترجمہ: تمام پاکیزہ عبادات قولیہ، عبادات مالیہ، عبادات بدنیہ اللہ کے لیئے ہیں
سلام ہو آپ پر اے نبی (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) اور اللہ کی رحمت اور اُس کی برکتیں ہوں۔

سوا کوئی معبود نہیں اور شہادت دیتا ہوں کہ بیشک سیدنا محمد (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) اللہ
کے بندے اور اُس کے رسول ہیں۔ موطا۔ حدیث موقوف۔ صحیح المستدرک۔ حصن حصین

## صِيَغُ السَّلَام ۵

أَلتَّحِيَاتُ الطَّيِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ، أَشْهَدُ أَنْ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُ اللّٰهِ وَ رَسُوْلُهٗ. أَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ أَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَ عَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ۔ (مؤطا)

ترجمہ: ساری عبادات قولیہ، عبادات مالیہ، عبادات بدنیہ (اور) ساری پاکیزگیاں اللہ کے لیئے ہیں میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ بیشک سیدنا محمد (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) اللہ کے بندے اور اُس کے رسول ہیں۔ سلام ہو آپ پر اے نبی (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) اور اللہ کی رحمت اور اُس کی برکتیں ہوں۔ سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔ راویہ: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا (سع)

# صِيَغُ السَّلَامِ ٦

أَلتَّحِيَّاتُ الطَّيِّبَاتُ الصَّلَوٰاتُ
الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ، أَشْهَدُ أَنْ لَآ إِلٰهَ
إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ
وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ
أَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ
وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ، أَلسَّلَامُ
عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ (مالک)

ترجمہ: ساری عبادات قولیہ، عبادات مالیہ، عبادات بدنیہ (اور) ساری پاکیزگیاں اللہ کے لیئے ہیں میں شہادت دیتا ہوں کہ بیشک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اور اُس کا کوئی شریک نہیں اور بیشک سیدنا محمد (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) اللہ کے بندے اور اُس کے رسول ہیں۔ سلام ہو آپ پر اے نبی (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) اور اللہ کی رحمت اور اُس کی برکتیں ہوں سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔

امام مالک نے روایت کیا کہ اس کو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پڑھا کرتی تھیں

# صِيَغ السَّلام ٧

أَلتَّحِيَاتُ الطَّيِبَاتُ الصَّلوٰتُ
لِلّٰهِ، أَلسَّلَامُ عَلَيكَ أَيُّهَا
النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ
أَلسَّلَامُ عَلَينَا وَ عَلىٰ عِبَادِ اللّٰهِ
الصَّالِحِينَ، أَشْهَدُ أَنْ لَآ إِلٰهَ
إِلَّا اللّٰهُ وَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا
عَبْدُهٗ وَ رَسُولُهٗ ۔ (مسلم . نسائی)

ترجمہ: ساری عباداتِ قولیہ عباداتِ مالیہ عبادات بدنیہ اللہ کے لیئے ہیں۔اے نبی (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) آپ پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت اور اُس کی برکتیں نازل ہوں۔سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر میں گواہی دیتا ہوں اس بات کی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور گواہی دیتا ہوں کہ بیشک محمد (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) اللہ کے بندے اور اُس کے رسول ہیں۔راوی: (ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ)

# صِيَغُ السَّلَام ۸

أَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ الصَّلَوَاتُ
الطَّيِّبَاتُ، أَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
أَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ، أَلسَّلَامُ
عَلَيْنَا وَ عَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ
أَشْهَدُ أَنْ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ
وَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ
وَ رَسُوْلُهٗ۔ (ابوداؤد)

ترجمہ: تمام عبادات قولیہ، بدنیہ، مالیہ اللہ کے لیے ہیں سلام ہو آپ پر اے نبی (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) اور اللہ کی رحمت ہو۔ سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔ میں گواہی دیتا ہوں کے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں سیدنا محمد (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) بلاشبہ اللہ کے بندے اور اُس کے رسول ہیں۔
راوی (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) (ابوداود شریف)

# صِيَغ السّلام ٩

أَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَ الصَّلَوٰاتُ
وَ الطَّيِّبَاتُ، أَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
أَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ
وَ بَرَكَاتُهٗ، أَلسَّلَامُ عَلَيْنَا
وَ عَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ،
أَشْهَدُ أَنْ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ
وَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ
وَ رَسُوْلُهٗ ۔ (بخاری شریف ، نسائی)

ترجمہ: ساری عباداتِ قولیہ عبادات بدنیہ عباداتِ مالیہ اللہ تعالیٰ کے لیئے ہیں۔ سلام ہو آپ پر اے نبی (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) اور اللہ کی رحمت اور اُس کی برکتیں آپ (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) پر نازل ہوں سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔ میں اس بات کی شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور شہادت دیتا ہوں کہ بیشک سیدنا محمد (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) اللہ کے بندے اور اُس کے رسول ہیں۔

راوی: (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) (نسائی)

# صِيَغُ السَّلَامِ ١٠

أَلتَّحِيَّاتُ الْمُبَارَكَاتُ الصَّلَوَاتُ

الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ ، سَلَامٌ عَلَيْكَ

أَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ

وَ بَرَكَاتُهٗ ، سَلَامٌ عَلَيْنَا

وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ

أَشْهَدُ أَنْ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

وَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ

وَ رَسُوْلُهٗ ۔ (نسائی شریف)

ترجمہ: ساری بابرکت عباداتِ قولیہ عبادات بدنیہ عباداتِ مالیہ اللہ کے لیئے ہیں سلام ہو آپ پر اے نبی (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) اور اللہ کی رحمت اور اُس کی برکتیں ہوں سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ بیشک سیدنا محمد (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) اللہ کے بندے اور اُس کے رسول ہیں۔ راوی: (حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما) (نسائی)

# صِيَغُ السَّلَامِ ⓫

أَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ الطَّيِّبَاتُ
الصَّلَوَاتُ لِلّٰهِ، أَلسَّلَامُ عَلَيكَ
أَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ
وَ بَرَكَاتُهٗ. أَلسَّلَامُ عَلَينَا
وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينْ
أَشْهَدُ أَنْ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ
لَا شَرِيكَ لَهٗ وَ أَشْهَدُ أَنَّ
مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُولُهٗ ۔ (نسائی)

ترجمہ: تمام عبادات قولیہ مالیہ، بدنیہ اللہ ہی کے لیئے ہیں اے نبی (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) آپ پر سلام اور اللہ کی رحمت اور اُس کی برکتیں نازل ہوں سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اُس کا کوئی شریک نہیں ہے اور شہادت دیتا ہوں کہ بیشک سیدنا محمد (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) اللہ کے بندے اور اُس کے رسول ہیں۔ راوی: (ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ)

# صیغ السلام ۱۲

أَلتَّحِيَّاتُ الْمُبَارَكَاتُ الصَّلَوَاتُ
الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ، أَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
أَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ،
أَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَ عَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ
الصَّالِحِيْنَ أَشْهَدُ أَنْ لَّآ إِلٰهَ
إِلَّا اللّٰهُ وَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا
رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ (مسلم شریف)

ترجمہ: ساری بابرکت عبادات قولیہ عبادات بدنیہ عباداتِ مالیہ اللہ کے لیئے ہیں سلام ہو آپ پر اے نبی (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) اور اللہ کی رحمت اور اُس کی برکتیں ہوں سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور شہادت دیتا ہوں کہ بیشک سیدنا محمد (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔ (م۔عد۔حب۔حص)

# صِيَغُ السَّلَام ١٣

أَلتَّحِيَّاتُ الطَّيِّبَاتُ وَالصَّلَوَاتُ وَالْمُلْكُ لِلّٰهِ، أَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ - (ابوداؤد)

ترجمہ: ساری عبادات قولیہ عبادات مالیہ عبادات بدنیہ اور ملک اللہ کے لیئے ہے سلام ہو آپ پر اے نبی (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) اور اللہ کی رحمت اور اُس کی برکتیں ہوں۔ (دحص)

# صِيَغُ السَّلام ۱۴

اَلتَّحِيَّاتُ الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ الْمُبَارَكَاتُ لِلّٰهِ اَرْبَعٌ، اَيُّهَا النَّاسُ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ (راوی: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

ترجمہ: تمام عبادات قولیہ، تمام عبادات بدنیہ، تمام عبادات مالیہ، تمام مبارک کلمات چاروں خصوصیات فقط اللہ ہی کے لئے ہیں۔ اے لوگو! میں گواہی دیتا ہوں نہیں کوئی عبادت کے لائق ماسوائے اللہ کے۔ اور میں گواہی دیتا ہوں بیشک محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اسکے بندے اور اسکے رسول ہیں۔ سلامتی ہو آپ پر اے نبی محترم اور اللہ کی رحمت اور اسکی برکتیں ہوں۔ سلامتی ہو ہم پر بھی اور اللہ کے تمام نیک بندوں پر بھی۔

حوالہ: بیہقی، السنن الکبریٰ، کتاب الصلاۃ، حدیث ۲۹۰۴۔

# صِيَغُ السَّلَامِ ۱۵

# اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلْغَادِيَاتُ الرَّآئِحَاتُ الزَّاكِيَاتُ الطَّاهِرَاتُ لِلّٰهِ

ترجمہ: تمام عبادات قولیہ، عبادات بدنیہ، عبادات مالیہ، تمام صبح وشام کی تسبیحیں اور مناجاتیں اور تمام پاک اور طیب باتیں سب اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں۔

(راوی: حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما)

حوالہ: اط، مع، جلد ۳، حدیث ۲۹۰۵۔

# صِيَغُ السَّلَام ⓬

أَلتَّحِيَّاتُ الطَّيِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ الزَّاكِيَاتُ

لِلّٰهِ۔ أَلسَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ۔

أَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ

أَشْهَدُ أَنْ لَّآ إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ۔ وَأَشْهَدُ

أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُـهٗ

ترجمہ: تمام عبادات قولیہ، عبادات مالیہ، عبادات بدنیہ، تمام پاکیزہ کلمات اللہ کے لئے ہیں۔ سلام اور اللہ کی رحمت ہو نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر، سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ بیشک محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

(راویہ: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا)

مص، جلد اول، باب ٦٨ فی التشهد فی الصلاة، حدیث ٢٩٩٣۔

بِسْمِ اللهِ وَ بِاللهِ ، أَلتَّحِيَّاتُ
لِلهِ وَ الصَّلَوَاتُ وَ الطَّيِّبَاتُ
أَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ
وَ رَحْمَةُ اللهِ وَ بَرَكَاتُهُ،
أَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَ عَلٰى عِبَادِ
اللهِ الصَّالِحِيْنَ ، أَشْهَدُ أَنْ لَآ
إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا
عَبْدُهُ وَ رَسُوْلُهُ ، أَسْأَلُ اللهَ
الْجَنَّةَ وَ أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ النَّارِ

( نسائی )

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں اور اللہ کی توفیق سے شروع کرتا ہوں ساری عباداتِ قولیہ عباداتِ بدنیہ عباداتِ مالیہ اللہ کے لیئے ہیں سلام ہو آپ پرائے نبی (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) اور اللہ کی رحمت اور اُس کی برکتیں ہوں۔ ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر (بھی) سلام ہو۔ میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں میں شہادت دیتا ہوں کہ بیشک سیدنا محمد (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) اللہ کے بندے اور اُس کے رسول ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے میں جنت کی درخواست کرتا ہوں اور جہنم سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں۔ راوی: (حضرت جابر رضی اللہ عنہ) (نسائی)

# روضۂ اطہر حبیب کبریا حضور اقدس محمد مصطفٰے احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر حاضری اور سلام

نہایت ہی ادب اور احترام کے ساتھ سید الکونین صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی عظمت ومنزلت کے ساتھ اپنی نالائقی اور روسیاہی کا استحضار کرتے ہوئے روضۂ اقدس صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی طرف چلیں۔

جب جالیوں کے سامنے پہنچ جائیں تو عجز وانکساری کے ساتھ مواجہ شریف کی جالیوں کی طرف منہ اور قبلہ کی طرف پشت ہو۔نظریں نیچی رکھیں اِدھر اُدھر دیکھنا اس وقت سخت بے ادبی ہے۔ جالیوں کے سامنے جہاں جالیوں میں ہر سہہ مزارات متبرکہ ہیں مقابل گول گول سے تین سوراخ بنے ہیں ایک بڑا اور دو چھوٹے برابر کے ہیں۔

یہ بڑا سوراخ جس کے سامنے آپ پہنچ گئے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے چہرہ انور کے بالکل سامنے ہے۔اور واضح رہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو اطلاع ہے کہ کون سلام پیش کر رہا ہے۔ نیز جب ہم سلام عرض کرتے ہیں۔تو سلام کا جواب بھی عطا ہوتا ہے۔

## اب ہلکی آواز میں سلام پیش کیجئے اور کہئے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ
اللّٰهِ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا خَيْرَ خَلْقِ اللّٰهِ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُزَّمِّلُ ، اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا مُدَّثِّرُ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ الرَّحْمَةِ ، اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا شَفِيْعَ الْاُمَّةِ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا الْقَاسِمِ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَشِيْرُ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَذِيْرُ ، اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا اَكْرَمَ وُلْدِ اٰدَمَ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَ الْاَنْبِيَآءِ
وَالْمُرْسَلِيْنَ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ ، اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا قَائِدَ الْخَيْرِ وَفَاتِحَ الْبِرِّ وَهَادِيَ الْاُمَّةِ ، اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ الَّذِيْنَ

أَذْهَبَ اللّٰهُ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهَّرَهُمْ تَطْهِيرًا ، اَلسَّلَامُ

عَلَيْكَ وَعَلٰى أَصْحَابِكَ أَجْمَعِينَ وَعَلٰى أَزْوَاجِكَ الطَّاهِرَاتِ

أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِينَ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى سَائِرِ الْأَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِينَ

وَعِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ ، جَزَاكَ اللّٰهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَحْسَنَ

وَأَفْضَلَ مَا جَزٰى نَبِيًّا عَنْ قَوْمِهٖ وَرَسُولًا عَنْ أُمَّتِهٖ

أَشْهَدُ أَنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيكَ لَهٗ وَأَشْهَدُ

أَنَّكَ عَبْدُهٗ وَرَسُولُهٗ وَأَمِينُهٗ وَصَفِيُّهٗ وَخِيَرَتُهٗ مِنْ خَلْقِهٖ

أَشْهَدُ أَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ الرِّسَالَةَ وَأَدَّيْتَ الْأَمَانَةَ وَنَصَحْتَ

أُمَّتَكَ وَأَوْضَحْتَ الْحُجَّةَ وَجَاهَدْتَ فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ

وَأَقَمْتَ الدِّينَ ، وَجَاهَدْتَ عَدُوَّكَ وَعَبَدْتَ رَبَّكَ

حَتّٰی یَاْتِیَكَ الْیَقِیْنُ، یَاخَیْرَ الرُّسُلِ اِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ

اَنْزَلَ عَلَیْكَ کِتَابًا صَادِقًا قَالَ فِیْہِ،

وَلَوْ اَنَّھُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَھُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰہَ

وَاسْتَغْفَرَ لَھُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰہَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا○

(النساء-۶۴)

ترجمہ:

اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام، اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام، اے اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ والہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام، اے اللہ کی تمام مخلوق سے بہتر آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام، اے مزمل آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام، اے مدثر آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام، اے نبی رحمت آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام، اے امت کی شفاعت کرنے والے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام، اے ابو القاسم آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام، اے بشارت دینے والے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام، اے ڈر سنانے والے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام، اے آدم کے سب سے معزز فرزند آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام، اے انبیاء و

مرسلین کے سردار آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام، اے خاتم النبیین آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام، اے بھلائی کے رہنما، اے نیکی کے فاتح اور ہادی اُمت آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام ہو، اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے طیب وطاہر اہل بیت پر سلام جن سے اللہ تعالیٰ نے نجاست کو دور کر کے انہیں خوب پاک وصاف کر دیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام ہو، اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے سب اصحاب اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ازواجِ مطہرات اُمہات المومنین پر سلام ہو، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام ہو اور تمام انبیاء ومرسلین اور اللہ کے نیک بندوں پر سلام ہو،

اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم ! اللہ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو ایسا احسن وافضل بدلہ دے جو اس نے کسی نبی کو اس کی قوم کی طرف سے اور رسول کو اسکی اُمت کی طرف سے دیا۔

میں گواہی دیتا/ دیتی ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اسکا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا/ دیتی ہوں کہ بے شک آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اس کے بندے ہیں اور اس کے رسول ہیں اور اس کے امین ہیں اور اس کے مخلص دوست ہیں، اس کی مخلوق میں سے اُس کے اعلیٰ بندے ہیں، میں گواہی دیتی/ دیتا ہوں بے شک کہ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اللہ کا پیغام پہنچا دیا۔

اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے امانت ادا کر دی اور اپنی اُمت کی پوری خیر خواہی کی اور دین حق کی دلیل روشن کی اور اللہ کی راہ میں خوب جہاد کیا اور دین کو مضبوط کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اپنے دشمن سے جہاد کیا اور اپنے رب کی عبادت کی یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو موت اگئی۔

اے خیر الرسل، اللہ عزوجل نے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سچی کتاب نازل فرمائی جس میں اُس نے فرمایا: اور اگر وہ لوگ جو اپنی جانوں پر ظلم کر چکے تھے تمہارے پاس آجاتے پھر اللہ سے معافی مانگتے اور رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم بھی ان کے لیے استغفار کرتے تو وہ اللہ کو بخشنے والا مہربان پاتے۔

سلام عرض کرتے وقت خیال رہے آپ سے کسی کو تکلیف نہ ہو اور دھکم دھکا بھی نہ ہو اپنا سلام پیش کرنے کے بعد اپنے ماں باپ عزیز وا قارب، دوست واحباب کا سلام بھی نام بہ نام پیش کریے۔ اور کسی اور نے سلام پیش کرنے کو کہا تو اُس کا نام لے کر سلام عرض کریں مثلاً یوں کہیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ مِنْ فلاں

من (فلاں) فلاں کی جگہ اُس کا نام لے اور اجمالی طور پر بہت سوں کا سلام پہنچانا ہو تو یوں کہیے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

مِنِّیْ وَمِمَّنْ اَوْصَانِیْ بِالسَّلَامِ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ وَسَلَّمَ

نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت اقدس میں سلام عرض کر چکنے کے بعد دو قدم دائیں (سیدھی) طرف ہٹ کر آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے یارِ غار، رفیق صادق اور خلیفہ اول حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اس طرح سلام پیش کیجیے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَبَابَکْرِ نِ الصِّدِّیْقِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْکَ وَعَنَّا

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاخَلِیْفَۃَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاوَزِیْرَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاصَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

فِی الْغَارِ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ پر سلام پیش کرنے کے بعد دائیں سیدھی طرف دو قدم اور ہٹیں یہاں حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر یوں سلام پیش کیجیے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْکَ وَعَنَّا

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا عِزَّ الْاِسْلَامِ

وَالْمُسْلِمِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَبَا الْفُقَرَآءِ وَالضُّعَفَآءِ

وَالْاَرَامِلِ وَ الْاَیْتَامِ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

یہاں سے فارغ ہوکر بائیں (اُلٹی) طرف ایک قدم سرک جائیں اور ہر دو خلفاء راشدین کے درمیان میں کھڑے ہوکر دونوں حضرات پر مشترکہ سلام عرض کیجیے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمَا یَا وَزِیْرَیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

ترجمہ: سلام آپ پر اے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے دونوں وزیروں

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمَا یَا مُعِیْنَیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

سلام آپ پر اے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے دونوں مددگارو

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمَا وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

سلام آپ دونوں پر اور اللہ کی رحمت اور اُس کی برکتیں۔

اب آپ پھر پہلی جگہ اجائیے اور وہاں کھڑے ہو کر۔ اول اللہ پاک کی حمد وثناء کیجئے اور اس نعمتِ جلیلہ کا شکریہ ادا کیجئے۔ پھر خوب ذوق وشوق سے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر درود شریف پڑھئے جب تک دل لگا رہے۔ پڑھتے رہیں۔ پھر کس کو معلوم ہے کہ کب موقع ملے گا۔ ملے گا بھی کہ نہیں۔ یہ قرآن پاک کی آیات پڑھ کر اپنے لئے مغفرت کی سفارش کرائیں۔

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا۝

(النساء-٦٤)

ترجمہ: اور اگر وہ (گناہ گار) لوگ جنہوں نے ظلم کیا اپنی جانوں پر پھر آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس آئیں اور وہ اللہ سے معافی چاہیں، اور معافی چاہیں اُن کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم تو وہ پائیں گے اللہ کو توبہ قبول کرنے والا بڑا رحم فرمانے والا (سورہ النساء:٦٤)

## دعا

پھر اِس جگہ سے ہٹ کر ایسی جگہ ہو جائیں کہ آپ کا چہرہ قبلہ رخ ہو جائے مگر آپ کی پیٹھ روضہ اقدس صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی طرف نہ ہو۔ اب اللہ پاک سے خوب رو رو کر اپنے لیے، اپنے والدین، اپنے اساتذہ، اہل وعیال، ملنے جلنے والوں، دعا کرانے والوں اور تمام اُمتِ مسلمہ کے لئے دعا کیجئے۔

# جامع دعا

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالی عنہ نے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے عرض کیا کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ والہ وسلم دعائیں تو آپ نے بہت سی بتادی ہیں اور ساری تو یاد رہتی نہیں کوئی ایسی مختصر دعا بتا دیجیے، جو سب دعاؤں کو شامل ہو جائے۔ اس پر حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے یہ دعا تعلیم فرمائی۔ (ترمذی)

أَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَئَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَعُوذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ۔ (ترمذی شریف)

# زیاراتِ بقیع

تاریخ اسلام میں "بقیع الغرقد" مدینہ منورہ کا وہ یادگار قبرستان ہے جس کی خود رسولِ کریم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم زیارت کرتے تھے، مسجدِ نبوی اور روضہ اطہر پر درود سلام کے بعد پہلی فرصت میں جنت البقیع کی زیارت کیجئے، بقیع کے دروازہ میں داخل ہوکر یہ دعا پڑھیے۔

**اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ، فَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰہُ بِکُمْ لَاحِقُوْنَ، اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ، اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاَھْلِ الْبَقِیْعِ، اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلَھُمْ وَیَرْحَمُ اللّٰہُ الْمُسْتَقْدِمِیْنَ مِنْکُمْ وَالْمُسْتَاخِرِیْنَ**

ترجمہ: ایمان والے جو یہاں آرام فرما ہیں ان پر اللہ کی سلامتی ہم ان شاءاللہ تم سے ملنے والے ہیں تم پہلے پہنچ گئے ہم تمہارے بعد آرہے ہیں، اے اللہ بقیع والوں کو بخش دے، اے اللہ ہماری اور اِن کی مغفرت فرما اور اللہ کے آغوشِ رحمت میں ہو تم سب جو پہلے جا چکے ہو اور جو بعد میں آرہے ہیں۔

نوٹ: پھر تین مرتبہ سورہ فاتحہ اور گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص بہ نیت ایصالِ ثواب پڑھ لیجئے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّ اللّٰہَ وَ مَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوۡنَ عَلَی النَّبِیِّ ط

یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَیۡہِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِیۡمًا

وَتُوۡبُوۡۤا اِلَی اللّٰہِ جَمِیۡعًا اَیُّہَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ لَعَلَّکُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ ۝

اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہی نیک کام کرنے کی توفیق عطا فرماتے ہیں اور وہ ہی قبول فرمانے والے ہیں۔ انسان اپنی کوشش سے کچھ نہیں کرسکتا جب تک خالق کائنات کا حکم نہ ہو۔ یہ کتاب اللہ عزوجل کی توفیق ہی سے میں ترتیب دے پایا ہوں اور مجھے قوی امید ہے کہ وہ رسولِ مقبول، حبیب خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے طفیل اسکو قبول فرمائے گا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اس سے خوش ہونگے اور اسکو میرے لئے میرے والدین، اہل خاندان اور میرے ساتھی جنہوں نے اس کتاب کی ترتیب میں میری مدد کی اور امت محمدیہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی بخشش کا ذریعہ بنائیگا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی روز قیامت شفاعت عطا فرمائے گا۔ مجھے اسکا کامل یقین ہے۔

اگر آپ حضرات بھی ان تمام درود شریف کا ورد کریں گے تو تمام درود شریف کی فضیلت جو کہ احادیث پاک سے ثابت ہیں آپ کو بھی مل جائیں گی ان شا اللہ العزیز ۔ آمین

عَنْ اَبِی الدَّرْدَاْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ یَدْعُوْ لِاَخِیْہِ بِظَھْرِ الْغَیْبِ، اِلَّا قَالَ الْمَلَکُ وَلَکَ بِمِثْلٍ،

ترجمہ: حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا 'جو کوئی مسلمان اپنے بھائی کے لئے پیٹھ پیچھے اسکے لئے دعا کرے تو ایک فرشتہ کہتا ہے کہ 'اور تجھ کو بھی یہی ملے گا' ( کیونکہ پیٹھ پیچھے دعا کرنا اخلاص کی دلیل ہے اور اخلاص کا ثواب بے حد ہے۔ )

(مسلم، الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب فضل الدعاء للمسلمین بظهر الغیب، حدیث ٦٨٠٠۔)

جب بھی آپ اپنے لئے دعا فرمائیں تو آپ سے درخواست ہے کہ میرے لئے میرے والدین اور اہل خاندان اور جملہ مسلمان و مومن مردوں

اور عورتوں کے لئے، جو حیات ہیں اور جو وفات پا چکے ہیں، مغفرت کی دعا کیجئے۔ اس حدیث کی رو سے فرشتہ آپ کی بھی مغفرت کے لئے دعا کرے گا۔

# اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِہٖ تَتِمُّ الصّٰلِحٰتِ

(تمام تعریف اللہ سبحانہ وتعالیٰ کیلئے جسکے فضل سے نیک اور اچھے کام تکمیل پاتے ہیں)

# سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ

# وَسَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ

# وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

خاکپائے رسول صلی اللہ علیہ وسلم

# رَشِید احمد صِدیقی

بروز اتوار، ۱۲ ربیع اوّل 1433ھ۔ مطابق 5/ فروری/ 2012ء

## نوٹ: حوالے کی کتب کے مختصر نام دے دیۓ ہیں۔

(۱) بخاری شریف۔ب (۲) صحیح مسلم۔م
(۳) ابن ماجہ۔ا (۴) ابوداؤد۔د
(۵) مسند امام احمد۔ما (۶) ترمذی۔ت
(۷) مؤطا امام مالک۔ط (۸) نسائی۔ن
(۹) احیاء العلوم۔حیاء (۱۰) ابن حبان۔اح
(۱۱) طبرانی۔اط (۱۲) القول البدیع۔ال
(۱۳) البیھقی۔قی (۱۴) المستدرک للحاکم۔مس
(۱۵) دارمی۔دا (۱۶) ذریعۃ الوصول۔ل
(۱۷) المعجم الکبیر۔مع (۱۸) جلاء الافھام۔ج
(۱۹) مصنف ابن ابی شیبہ۔مص (۲۰) مصنف عبد الرزاق۔ق
(۲۱) حصن حصین۔حص (۲۲) کنز العمال۔ک
(۲۳) باب الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔باب
(۲۴) ثواب الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔ثواب
(۲۵) نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔نش
(۲۶) فضل الصلات علی النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم، اسماعیل بن اسحاق القاضی۔فضل
(۲۷) شرح الشفاء، للقاضی عیاض الملاء علی قاری۔ع
(۲۸) درود شریف کے فضائل وآداب۔آداب
(۲۹) مسند المکثرین۔مک (۳۰) سعادۃ الدارین۔سع

اللہ پاک جزائے خیر عطا فرمائے

جناب الحاج مولانا اویس احمد صدیقی صاحب

جناب الحاج مولانا مفتی اظہار احمد بخشی صاحب

جناب الحاج مولانا مفتی یوسف احمد صاحب

جناب مولانا مفتی خالد جمیل صاحب

کو جنہوں نے اس کتاب کو حرف بہ حرف پڑھا اور اپنے قیمتی وقت میں سے اس کتاب کے لئے وقت دیا اللہ پاک دین دنیا میں دونوں جگہ اس کی جزا عطا فرمائے۔ (آمین)

دعا گو

مؤلف

رشید احمد صدیقی عفا اللہ عنہ